ذخیرہ عملیات
شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی

فہرست مضامین

انتساب

میں اپنی اس تالیف کو مرشدی ومولائی حضرت
الحاج الحافظ الشاہ محمد عمر صاحب خانغالپوری
صاحب مجاز اسعد الملت منبع شریعت وطریقت حضرت مولانا الحاج
الشاہ محمد اسعد اللہ صاحب نوراللہ مرقدہٗ کے نامِ نامی اسم گرامی
سے منسوب کرتا ہوں جن کی ذات عالی مرتبت سے میری نسبت
وعقیدت میرے لئے فلاحِ دارین کا ذریعہ ہے۔

جمیل احمد جمیل سِکندرپوری

تعارف

فی زمانہ شائقین عملیات بکثرت نظر آتے ہیں، لیکن عمل کا صحیح طریقہ معلوم نہ ہونے یا ناقص عمل ہونے کی وجہ سے ناکام رہتے ہیں اور مسلسل سعی لاحاصل سے بے اعتقاد ہوجاتے ہیں۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ عمل بے اثر نہیں ہوتے، ہاں ان کے شرائط و آداب اور طریقہ سے واقفیت ضروری ہے۔

"ذخیرۂ عملیات" اس موضوع پر ایک نئی اور بہترین معتبر کتاب ہے، جو منظرِ عام پر آرہی ہے، اس کی ہدایت پر عمل کرکے عامل کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔ یہ کتاب حکیم حافظ جمیل احمد صاحب جمیل سکندرپوری کے خزینۂ عملیات سے اقتباس کرکے شائقین کیلئے پیش کی گئی ہے، اگر اسکی قدردانی کی گئی تو عنقریب اس سلسلہ کے دوسرے حصے بھی حلۂ طباعت سے آراستہ ہوکر بے قرار دلوں کی تسکین کا باعث ہوں گے۔

پیشِ نظر کتاب کے نقوش و عملیات کے بارے میں قلم فرسائی کرنا

کچھ مناسب معلوم نہیں دیتا چونکہ اسکے مؤثر اور کامیاب ہونے کی ضمانت
نیں مؤلف موصوف کا اسم گرامی ہی کافی ہے۔

مؤلف کتاب ہٰذا سن شعور سے اس دشتِ پُر خار کی بادہ پیمائی کر رہے
ہیں اور بڑی جد و جہد محنت و کاوش سے نایاب عملیات کا ایک ذخیرہ فراہم
کرچکے ہیں، آپ نے فقراء صلحاء اور اہل اللہ کی صحبت سے فیض حاصل کیاہے
اس کتاب سے مستفید ہونے والے خود اس کی کار آمد ہونے کی شہادت
دینگے اور دیگر عملیات جو مؤلف صاحب کے پاس محفوظ ہیں، ان کو عوام تک
پہنچانے کی فرمائش کرینگے۔

مجھے یہ بھی عرض کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ایک مسلمان کو یہ عقیدہ
رکھنا ضروری ہے کہ اصل مؤثر ذات باری تعالیٰ ہے اس کے حکم کے بغیر نہ
کوئی دوا فائدہ دیتی ہے اور نہ کوئی عمل کام کرتا ہے، اسلئے عامل کو عمل
کرتے وقت ذاتِ خدا پر بھروسہ رکھنا چاہیئے اور اس سے مدد مانگنی چاہیئے
پھر کامیابی یقینی ہے۔

بفحوائے من جدّ وجدَ۔ اللہ تعالیٰ کسی کی محنت کو ضائع نہیں کرتے

شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی

حمد

تو خالق ہے یارب یہ سنسار تیرا ہر اک شے سے جلوہ نمودار تیرا

تری ذاتِ واحد ہے بے مثل و یکتا تری شان اعلیٰ عجب کار تیرا

فقط تو ہی مالک ہے، ارض و سما کا نہ ساجھی کوئی اور نہ حقدار تیرا

یہ دشت و جبل بحر و بر سب ہیں تیرے یہ بنجر زمیں تیری گلزار تیرا

بھلے اور برے سب ہی بندے ہیں یارب زیادہ ہے ماں باپ سے پیار تیرا

بھلے بھی ہیں تیرے، برے بھی ہیں تیرے ترا نور ہے اور ہے نار تیرا

جمیلِ حزیں تجھ سے بخشش کا طالب

ہے یارب یہ بندہ گنہگار تیرا

نعت شریف

یہ اللہ اکبر مقامِ محمدؐ ۔۔۔ برابر ہے اللہ کے نامِ محمدؐ

ہے حکمِ الٰہی پیامِ محمدؐ ۔۔۔ ہے وحیِ الٰہی کلامِ محمدؐ

خدا ایک ہے اسکی پوجا کرو تم ۔۔۔ یہ سب کیلئے ہے پیامِ محمدؐ

ہوا سر بلند اور ملی کامیابی ۔۔۔ پیا جس نے وحدت کا جامِ محمدؐ

پڑا تاج قیصر کا قدموں میں آ کر ۔۔۔ یہ رتبہ یہ شانِ غلامِ محمدؐ

نہ باقی رہے نام ظلم و ستم کا ۔۔۔ جو اپنائے دُنیا نظامِ محمدؐ

چپک جاتے ہیں لب جلادت سے دونوں
جمیلؔ ایسا شیریں ہے نامِ محمدؐ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ اللہ العلی العظیم ونصلی علیٰ سیدنا رسولہ النبی الکریم

جملہ قسم کی تعریفات اس واحد و بے مثل ذات اعلیٰ ہی کیلئے سزاوار ہے جس نے تمام مخلوقات کو ایک لفظ کُن سے پیدا فرمایا، اور انسان کو علوم کی دولتِ لازوال سے معزز فرما کر تمام مخلوقات پر شرف بخشا، اور درود لا محدود اس رحمت اللعالمین، فخر کائنات، سردرِ انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کو زیبا ہے جس نے اعمال کی فضیلت اور تاثیرات سے انسان کو روشناس کرایا، اور اسرارِ باطنی کا انکشاف فرمایا۔

امابعد۔ یہ فقیر عاصی پُرمعاصی جمیل احمد جمیل سکندرپوری مشتاقانِ عملیات اور شائقینِ نقوش و تعویذات کی خدمت میں عرض رسا ہے کہ فقیر کو سنِ شعور سے عمل اور نقوش کا شوق رہا ہے۔ عاملین و کاملین اور اہل اللہ حضرات کی خدمت میں رہ کر استفادہ کرنے کا موقعہ ملتا رہا ہے۔ چنانچہ مشائخینِ طریقت اور کاملینِ فنِ شریف کے اعمال صحیح الاسناد کا قابلِ اعتماد سرمایہ فقیر کے پاس جمع ہو گیا ہے۔ دل میں خیال آیا کہ اس دولتِ بے بہا کو حاجت مندوں پر ایثار نہ کرنا بخل ہے اور البخیل عدو للہ ولو کان زاھدٌ کا مصداق بننا اچھا نہیں

ہے۔ اسلئے اس ذخیرہ سے کچھ حصہ لیکر ذخیرۂ عملیات کے نام سے بندگانِ خدا کی نذر کیا جاتا ہے اور بقیہ ذخیرہ مکمل مفصل تشریح کے ساتھ آئندہ کئی حصوں میں آفتابِ عملیات کے نام سے منظرِ عام پر آئے گا۔ جسمیں اس فن یعنی عملیات ونقوش پر سیر حاصل بحث ہو گی، عاملین کاملین سے درخواست ہے کہ اس رسالہ میں جہاں کہیں کسی قسم کی غلطی پائیں پردہ پوشی فرماتے ہوئے اس فقیر کو مطلع کریں تاکہ اس کی اصلاح کی جائے اور اس سے نفع اٹھانے والے اس فقیر اور اس کتاب کی اشاعت میں حصہ لینے والوں کو دعائے خیر سے یاد فرمادیں۔

فقیر حافظ جمیل احمد جمیل سکندرپوری

بابِ اوّل

عامل کیلئے ضروری ہدایات

شائقین عملیات کو عمل شروع کرنے سے پہلے امور مندرجہ ذیل کا پابند ہونا ضروری ہے۔ اکلِ حلال، صدق مقال یعنی حلال روزی کھانا، سچ بولنا اور کم کھانا، کم بولنا، جو اسم یا دعا پڑھے اس کی تاثیر پر پورا یقین رکھنا، حضوریٔ قلب سے مؤثرِ حقیقی یعنی اللہ تعالیٰ سے کامیابی کی دُعا کرنا، بدن پاک جامہ پاک، جگہ پاک اور باوضو رہنا، حجرۂ تاریک و مصفّا میں بیٹھنا، ایک ہی آدمی کے ہاتھ کا بنایا ہوا کھانا کھانا، یا خود اپنے ہاتھ سے پکا کر کھانا بعض اعمال میں دائم الصّوم یعنی ہمیشہ روزہ سے رہنے کی بھی شرط ہے اسے پوری کرنا، ترکِ حیوانات جلالی و جمالی کرنا، مکروہات رسومات سے بچنا۔

حیوانات جلالی یہ ہیں۔ ہر قسم کا گوشت، مچھلی، انڈا، شہد، مشک و عنبر اور چونہ صدف ہا وغیرہ۔

حیوانات جمالی یہ ہیں، روغن زرد، دودھ، دہی، سرکہ، نمک، کھجور کے استعمال سے پرہیز کرنا ہے۔

اور مکروہات یہ ہیں، لہسن، پیاز خام اور گندنا، ہینگ نہ کھانا۔

اور ان سے بنی ہوئی اشیاء کا استعمال نہ کرنا۔

محرّمات یہ ہیں، آرائش و زینت بدن یعنی لباس مکلّف سے بناؤ سنگھار نہ کرنا، فصد نہ کرانا، سلے ہوئے کپڑے نہ پہننا، ایک تہبند اور ایک چادر پر قناعت کرنا اور شروع سے تا ختم عمل کسی جاندار کو نہ مارنا اور جھوٹ نہ بولنا، دورانِ عمل درود شریف کا ورد رکھنا، اور خداوند کریم سے کامیابی کی دُعا مانگتے رہنا چاہیئے۔

تعویذات و عملیات لکھنا

واضح ہو کہ نقوش لکھتے وقت اور ادعیہ پڑھتے وقت ذیل کی دس چیزیں لازمی ہیں، کسی ایک چیز کی کمی سے عمل باطل ہو جائے گا۔

(۱) اوّل با وضو رہنا (۲) جامہ پاک (۳) عطریات لگائے اور خوشبو جلائے (۴) نسخۂ عمل مجرّب ہو اور کامل مرشد سے حاصل کیا ہوا ہو (۵) مکان خالی ہو (۶) اقرارِ دل (۷) عمل کے شروع کرتے وقت طالع نحس نہ ہو (۸) اسم یا عمل کی طبیعت کا جاننا کہ عمل کا کیسا مزاج ہے۔ (۹) راست باز ہونا (۱۰) وقت کا جاننا کہ نحس ہے یا سعد ہے مثلاً اگر آتشی لکھے تو آگ کے نزدیک بیٹھ کر لکھے اور منہ پورب کی طرف کر کے لکھے، اور شنگرف و گیرو یا سندور یا مشک و زعفران سے لکھے (اگر بادی لکھے تو

مکان بلند و بالا پر بیٹھ کر لکھے اور منہ مغرب کی طرف کر کے لکھے اور سیاہی سے لکھے جس میں گوند نہ ہو، یا مشک و زعفران سے لکھے) (اگر آبی) لکھے تو نزدیک پانی کے بیٹھ کر لکھے اور منہ شمال کی طرف کر کے لکھے اور شیرہ بیدا انجیر یعنی عرق ارنڈ سے یا مشک و زعفران سے لکھے، اگر خاکی لکھے تو صحن یا مکان یا گذرگاہ یا چوراہہ یا قبرستان کہنہ میں بیٹھ کر لکھے، اور منہ جنوب کی طرف کر کے لکھے اور عرق برگ ترب (مولی) یا گلاب و مشک و زعفران سے لکھے، اگر واسطے خواب بندی لکھے تو شیرۂ برگ انار یا شیرۂ برگ کندوری یا مشک و زعفران سے لکھے، اگر زبان بندی کے واسطے لکھے تو ترش اور تلخ چیز منہ میں رکھے اور زبان کو زیر دنداں رکھے اور اگر محبّت و تسخیر کیلئے لکھے تو منہ میں شیرینی رکھ کر لکھے اور تاثیر پر مکمّل یقین رکھے۔ کارخانۂ الٰہی میں کوئی امر محال محال نہیں۔

حِفاظتِ بَدن

واضح ہو کہ ہر عامل کو آسیب و جنّات وغیرہ کا علاج اس وقت تک نہ کرنا چاہیئے، جب تک کہ کسی کامل مرشد سے مکمّل فن حاصل نہ کرلے کیونکہ بعض اوقات عامل دھوکہ کھا کر نقصان اٹھاتا ہے یہاں تک کہ ہلاک بھی ہو جاتا ہے۔ سیکڑوں عامل اس سلسلہ میں نقصان اٹھا چکے ہیں پھر بھی

اگر کسی شخص کو ازحد شوق ہو تو اس کو لازم ہے، پہلے حفاظت بدن اور مکان کا عمل لازمی کرے تاکہ نقصان وضرر سے محفوظ رہے۔ بموجب شرائط مذکورہ بالا کے عمل کرنا چاہیئے۔ ہر وقت پاک وصاف رہنا۔ اپنے بدن اور مکان کا حصار کرنا عمل پڑھنے کی جگہ کا حصار کرنا یعنی اس نقش کو لکھ کر مکان کے چاروں کونوں میں دفن کرے اور دعائے سیفی کا ورد رکھے تاکہ مؤکلان ہر قسم کے آسیب وجنات، سحر وجادو ٹونہ، نظر بد حاسدان وظالمان سے حفاظت رکھیں۔ بحکم خداوند قدوس۔ دعائے سیفی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عَزَّمۡتُ عَلَیۡکُمۡ یَا اَصۡحٰبَ السَّحۡرِ وَالۡوَسۡوَاس وَاعۡتَصَمۡتُ بِکَ یَا اَللّٰہ بِحَقِّ الۡخِضۡرِ وَالۡاِلۡیَاس وَبِحَقِّ کَھِیۡجٍ مَھِیۡجٍ کَھکَھِیۡجٍ جُوۡجُوۡج مَرۡخُوۡخٍ مَرۡمَخُوۡخٍ مَھۡمَجُوۡعٍ وبحق، بَاقِی عطوف دَائِمٌ دَیۡمُوۡم قُدُّوۡس کَبِیۡرمتین اِجۡ اِجۡ زَجۡرٍ ھَیۡمُوۡجٍ مَخۡوُخٍ طَفۡعَاجٍ اَزۡرٍ اَیۡخَاسٍ وبحق اٰدم ونوح وَّاعۡتَصَمۡتُ بِکَ مِنۡ شَرِّ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ وَالۡاَھۡرَمَنِ وَالشَّیٰطِیۡنِ وَالۡجُنُوۡدِ وَالۡاِتۡبَاعِ وَمِنۡ اٰفَۃٍ وَّعَاھَۃٍ وَّاعۡتَصَمۡتُ بِکَ مِنۡ کُلِّ بَلَآءٍ وبحرمۃ دَانیال وَبِحَقِّ اَیۡخ اَیۡخ وَاَرَشَ وَاَرَشَ وبورش وَنُورَشَ وَبِحَقِّ اِھۡیًا۔ اِشۡرَاھِیًا اِھِیَ اِشۡرَاھِیۡ اَمۡبَاوُث وَبِحَقِّ عَظۡمَتِکَ

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ وَاحْفَظْنِیْ مِنَ الْبَلَآءِ وَالْاٰفَاتِ وَالْعَاھَۃِ
وَبِحَقِّ موسیٰ وعیسیٰ وبحقِ دَاؤد وزکریّا و بحقِّ اِسْمٰعِیل وَ یَحْیٰی
وبحق اِدْرِیس وشِیث وبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم
وبحق اَسَدُ اللّٰہِ الْغَالِبِ عَلِیّ ابْنِ المُرتضیٰ وَ بِحَقِّ سَیِّدِ نَا اِلٰی مُحَمَّدَ ابْنِ الْحَسَن
وَبِحَقِّ سَیِّدِنَا اَبِی عَبْدُ اللّٰہِ الْحُسَیْنِ وَبِحَقِّ سَیِّدَۃِ النِّسَآءِ
فَاطِمَۃَ الزَّھْرَاءِ وَبِحَقِّ اِثْنَا عَشَرَ اِمَامٍ وَّ بِحَقِّ اَرْبَعْ عَشَرَ مَعْصُوْمِ
صَلَوَاتُ اللّٰہِ وسَلَامَہٗ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن۔ وَبِحَقِّ السَّیِّدِ
اَبِی مُحَمَّدٍ مُحیُ الدِّیْن عَبْدُ الْقَادِرِ الْجِیلَانِی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالیٰ
عَنْہ تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِی لَا بِدَایَۃَ لَہٗ وَلَا نِھَایَۃَ
لَہٗ وَاعْتَصَمْتُ بِکَ مِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِقِرَاءَۃِ السَّیْفِیْ
وَاسْتَجِبْ دُعَائِیْ یَا غِیَاثُ الْمُسْتَغِیْثِیْن اَغِثْنِیْ یَا مَنْ لَّیْسَ
کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْر حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل
نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلیٰ خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ
وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن اٰمِیْن۔

نقش سیفی اگلے صفحہ پر ہے۔

بسمِ اللّٰہِ الرحمٰن الرحِیمْ
نادِ علیًا مَظہرالعجائبِ
تَجِدْہُ عَونًا لکَ فِی النَّوائبِ
کل ھمٍ وغمٍ سینجلی بِنبُوتِکَ
یارسُولَ اللّٰہ وبولایتِکَ یَا عَلی یَا عَلی یَا علی۔

۱۶۵۱۸	۱۶۵۲۱	۱۶۵۲۵	۱۶۵۱۱
۱۶۵۲۴	۱۶۵۱۲	۱۶۵۱۷	۱۶۵۲۲
۱۶۵۱۳	۱۶۵۲۷	۱۶۵۱۹	۱۶۵۱۶
۱۶۵۲۰	۱۶۵۱۵	۱۶۵۱۴	۱۶۵۲۶

تمام ہوئی دُعائے سیفی بحمد اللّٰہ تعالیٰ۔ اس دُعائے معظم کے منافع بے شمار ہیں۔ مختصر یہ کہ دفع سحر و دسواس اور حصول امورات نہمہ کیلئے اسکا پڑھنا نہایت مفید ہے۔ اگر زکوٰۃ دینا منظور ہو تو بغیر اجازت کسی عامل کے عمل نہ کرے کہ یہ دُعائے سیفی ہے بغیر اُستاد کے ضرر کا اندیشہ ہے۔ اس دُعا کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز فجر روزانہ تین بار یا ایک بار پڑھے، خوشبو پاس رکھے۔ ترک حیوانات لازمی ہے۔ خصوصاً گائے کا گوشت انڈے مچھلی سے پرہیز رکھتے۔

دیگر حصار

اَبْرِ صَا صَبْرِ صَا صَارِ سَا سو رَصَا بحق لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ وبحق یَا جِبْرَائِیلَ یَا مِیکَائِیلَ یَا اِسْرَافِیلَ یَا عِزْرَائِیلَ وبحق جحجتا حِصَارَمِنْ کُلِّ آفَتٍ حَتّٰی تحتَ الْعَرْشِ وَالْاَرْضِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

طریقہ زکوٰۃ عروج ماہ میں شروع کرے اور اکتالیسؔ روز پڑھے اور تعداد ایک سو گیارہ مرتبہ ہر روز پڑھے اور پرہیز جمالی کرے، انشاء اللّٰہ تعالیٰ

کامیابی حاصل ہو گی۔ بعد عمل وزکوٰۃ تین مرتبہ روزانہ ورد میں رکھے، اگر اکیس۲۱ سیاہ مرچوں پر اکیس۲۱ بار پڑھ کر دم کرے اور آسیب زدہ کو کھلائے یا سُنگھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سخت سے سخت آسیب بھی بھاگ جائے گا، اگر نہ دُور ہو تو ایک ہفتہ تک سات سات مرچوں پر اکیس۲۱ مرتبہ پڑھ کر روز کھلاوے انشاء اللہ آسیب دفع ہو جائے گا۔ اگر کسی مکان میں آسیب کا خلل ہو تو ایک مٹھی اُڑد لیکر گیارہ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اُڑد مکان میں بکھیر دے انشاء اللہ آسیب دور ہوگا۔

حصار دیگر

یَا حَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا نَاصِرُ یَا نَصِیْرُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ بحق کٓھٰیٰعٓصٓ، حٰمٓ عٓسٓقٓ حزر کردم خودرا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حصار کردم خودرا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

طریقۂ زکوٰۃ یہ ہے۔ اس حصار کو اکتالیس۴۱ روز ایکسو گیارہ۱۱۱ مرتبہ پڑھے۔ بعد اکتالیس۴۱ روز کے روزانہ سات۷ مرتبہ ورد رکھنا چاہیئے، بوقتِ عمل یا حاضرات یا ضرورت کے وقت گیارہ۱۱ مرتبہ پڑھ کر چاقو یا چھری یا شہادت کی انگلی پر دم کر کے چاروں طرف حصار کرلے، انشاء اللہ محفوظ و مامون رہے گا اور ہر قسم کے ضرر و شر سے محفوظ رہے گا۔

بابِ دوم شناختِ مرض

جب کسی مریض کو دیکھنا ہو تو مریض کا پہنا ہوا کپڑا، کُرتا، دوپٹہ، چادر وغیرہ لیکر یا دھاگا ریشم یا سوتی داہنے پیر کے انگوٹھے کے ناخن سے سر تک پیمائش کریں۔ یعنی پیشانی کے بالوں کی جڑ تک پیمائش کر کے عود عنبر یا کندر، یا لوبان کی دھونی دے کر عزیمت مذکورہ کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پھر پیمائش کرے اگر کم ہو تو خلل جادو کا جانے اور اگر بڑھ جائے تو خلل آسیب کا ہے، اور اگر نہ کم ہو نہ زیادہ تو جسمانی بیماری ہے۔ وہ عزیمتِ مجرّبہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ہ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا ۙ اِنَّ اِلٰـھَکُمْ لَوَاحِدٌ ہ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ۔ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَۃِ نِ الْکَوَاکِبِ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ۔ لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ۔ دُحُوْرًا وَّلَھُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَۃَ فَاَتْبَعَہٗ شِھَابٌ ثَاقِبٌ۔ اَھِیًّا اَشْرَاھِیًّا اَلْعَدِیْمُ رَبٌّ وَالنُّوْرُ الرَّبُّ وَالطُّوْرِ وَکِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ

فِیْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۙ وَّالْبَیْتِ الْمَعْمُوْرِ ۙ وَّالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۙ لِعَزْمِ بِسْمِ اللّٰهِ سُلْطَانِهٖ وَبِعَزَائِمِ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ کَمَا لَیْتُمْ لِیْ مَا بِصَاحِبِ هٰذَا التَّوْبِ نَاقِصٍ حَتّٰی اَعْلَمُ مَا بِهِ الْعَظْمَةُ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ فَاِنْ کَانَ بِهٖ وَالسِّحْرِ وَاِنْ کَانَ مِنْ نَظَرِ الْجِنِّ اَوْغَیْرُ ذٰلِکَ فَلْیَخْرُجْ زَایِدًا۔

دیگر شناخت مرض

بکری کے بالوں کا ڈورا لیکر مریض کے قد کے برابر ناپ کر اس عزیمت کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے، اور پھر ناپے اگر ایک انگل زیادہ ہووے تو آسیب عفریت کا ہے۔ اگر دو انگل زیادہ ہووے تو پری کا سایہ ہے۔ اگر تین انگل زیادہ ہووے تو جادو ہے۔ اگر چار انگل زیادہ ہو تو ام الصبیان ہے اور اگر پانچ انگشت زیادہ ہو تو نظرِ بد ہے۔ اگر برابر رہے تو جسمانی مرض ہے۔

وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ یَا ذِی الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ الْمَلِکُ الْقَدِیْمُ وَالْعَطَاءِ الْعَظِیْمُ۔ یَا هَادِیَ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمِ، یَا مُرْسِلَ الرِّیَاحِ وَیَا خَالِقَ الْاَصْبَاحِ وَیَا ذِی الْجُوْدِ وَالسَّمَاحِ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ

یَارَحِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ وَارْحَمْ اِلَی الْفُؤَادِ وَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ وَالشَّجَرِ کُلَّ نَاقَةٍ وَّاٰفَةٍ وَّشِدَّةٍ وَّبَلَاءٍ وَّبَلِیَّةٍ وَّکُلَّ عِلَّةٍ وَّذِلَّةٍ وَّکُلَّ قُلَّةٍ وَّمَرَضٍ وَّحِرْصٍ وَّ فَقْرٍوَّوَبَآءٍ وَّکُلَّ سِحْرٍ سَاحِرٍ وَّعَدُوٍّ وَصَغِیْرٍ وَّکَبِیْرٍ یَاسُبُّوْحُ یَاقُدُّوْسُ یَارَبُّ الْمَلٰئِکَةِ وَالرُّوْحِ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ

دیگر شناخت مرض

نیلے دھاگے کے سات تار ناپے، داہنے پیر کے انگوٹھے کے ناخن سے پیشانی کے بالوں تک اور ایک بار درود شریف اور سات بار الحمد شریف اور ایک بار آیۃ الکرسی اور سات مرتبہ یہ عزیمت پڑھ کر دھاگے پر دَم کرے اور ناپے اور دیکھے کم ہُوا یا زیادہ، اگر ایک انگل کم ہو تو آسیب دیو عفریت قوی ہیکل ہے۔ اگر دو انگل کم ہو تو آسیب ثمر یانِ کفتارانِ کا ہے۔ اگر تین انگل کم ہو جادو ہے، اگر چار انگل کم ہو تو اُمّ الصبیان ہے۔ اگر ایک انگل زیادہ ہو تو نظر آدمی کی ہے۔ اگر دو انگل زیادہ ہو تو نظر کفتار کی ہے۔ اگر تین انگل زیادہ ہو تو باد، اگر چار انگل زیادہ ہے تو تپ لرزہ ہے اور اگر یہ برابر رہے تو مرضِ بدنی یعنی جسمانی ہے۔

دیگر شناخت مرض

اس نقش کو کورے سکورے پر لکھ کر کالی سیاہی سے مریض کے سَر سے پیر تک سات مرتبہ اُتار کر

آگ میں ڈالے۔ اگر حروف سُرخ ہو جائیں تو آسیب جوگنی کا ہے اور اگر سفید ہوں تو سحر جادو ہے اور اگر سیاہ رہیں تو مرض بدنی ہے۔ اگر غائب ہو جائیں تو آسیب قوی ہیکل ہے۔

وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

عوطہ	للوطہ
للوطہ	عوطہ

دیگر شناخت مرض

اس عزیمتِ مذکور کو کورے سکورے پر لکھ کر آگ میں ڈالے۔ اگر حروف سُرخ یا زرد یا سفید ہو جاویں تو سحر ہے۔ اگر حروف غائب ہو جائیں تو آسیب کفاران بیابان عفریت کا ہے اور اگر سیاہ ہی رہیں تو وجودی یعنی جسمانی مرض ہے۔

دیگر صحتمند ہوگا یا نہیں

مشک زعفران سے اس عزیمت کو کاغذ پر لکھ کر کسی برتن میں پانی لیکر ڈالے اگر پانی میں کاغذ رواں ہو جائے تو بیمار صحت یاب ہوگا۔ اگر پانی میں ڈوب جائے تو بیمار ٹھیک نہ ہو بلکہ فوت ہو جائے اور اگر کنارے لگ جائے تو عمر دراز (لمبی) ہووے۔

وہ عزیمت یہ ہے

۷۱ ااا ط ح اا اا ۹

۷۱ ااا ط ح اا اا۹ع درد

بابِ سوم ــــــ دربیان حاضرات

آسیب کو حاضر کرنا

اَبْرَعْتُ بِعِزَّتِ اللہ وَقُدْرَتِہٖ اِسْتَفْتَحْ فَهُوْشِ قَرْهٗ قَرْهٗ شَتْ هَدَماً هَدَماً بَرِیُئاً اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا یَا اَصْحٰبَ الْجِنِّ وَالشَّیٰطِیْنِ مِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَالْاَیْسَرِ مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ۔

اِس عزیمت کو تیرہ ۱۳ مرتبہ ہلدی لہسن اور بکرے کے بالوں پر دم کرکے دھونی دیں۔ انشاء اللہ جو بھی آسیب جنّات وغیرہ جسم میں ہوگا یا ستانے والا ہوگا۔ فوراً حاضر ہوکر گفتگو کرے گا۔ پھر عامل چاہے قید کرے یا خاکستر کرے۔

دیگر حاضرات

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ فَتَحُوْنَکَ فَتَحُوْنَکَ حَبِیْبُکَ حَبِیْبُکَ اَلَمْ اَلَمْ صَفْکَا صَفْکَا اَلِساً اَلِساً بَلِساً یَلِساً طَلَیَساً طَلَیَساً سُوْداً سُوْداً کَهَلاً کَهَلاً حَلُهَلاً حَلُهَلاً مَهُلاً مَهُلاً شَیْخِیاً شَیْخِیاً شَدِیّاً شَدِیّاً نَبِیّاً نَبِیّاً بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوُدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ مِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَالْاَیْسَرِ

وَبِحَقِّ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَبِحَقِّ عَرْشِ اللّٰہِ وکُرْسِیّہٖ۔

اس عزیمتِ سُلیمانی کو تیرہ ۱۳ مرتبہ گلاب کے تین یا پانچ یا سات پھولوں پر پڑھ کر دم کرکے آسیب زدہ کو سنگھائے، فوراً انشاء اللہ حاضر ہوگا۔ اور گویا ہو کر ہم کلام ہوگا۔

دیگر حاضرات الحمد شریف

شہد کی مکھیاں اکیس ۲۱ عدد لاکر ہر ایک پر گیارہ ۱۱ مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر دم کرے اور پاک وصاف روئی لیکر اور ان مکھیوں کو روئی میں لپیٹ کر بتی بنائے اور چراغِ نو میں رکھ کر جلائے اور چراغ کے اوپر ایک کورا سکورا لٹکا کر کاجل اتارے۔ پس وہ کاجل جس آسیب زدہ کی آنکھوں میں ڈالے اسی وقت انشاء اللہ آسیب حاضر ہوگا۔

دیگر حاضرات

اگر کسی کو آسیب جنات وغیرہ ستاتا ہو اور اسکو حاضر کرنا ہو تو اس نقش کو لکھ کر فلیتہ بنائے اور سنگھائے یا پانی میں دھو کر پلائیں، انشاء اللہ فوراً حاضر ہوگا اور ہم کلام ہوگا۔ آزمودہ ہے۔

۷۸۶ عجل عجل عجل

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

بحکم الشفیع للہ

دیگر حاضرات

قل اعوذ برب الفلق پوری پڑھ کر دد گلاب کے پھولوں پر دم کرے۔ ہر ایک پھول پر تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور آسیب زدہ کو سنگھائے، انشاء اللہ فوراً حاضر ہوگا اور ہم کلام ہوگا۔

دیگر حاضرات

گلاب کے یا چمیلی کے پھول لادے اور سات مرتبہ اس عزیمت کو پڑھ کر دم کرے اور آسیب زدہ کو سنگھائے انشاء اللہ فی الفور حاضر ہوگا اور ہم کلام ہوگا۔ عزیمت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یامَیْمُوْن زنگی ومَیْمُون حَبْشِیْ ومَیْمُون وابن میمون صنا الاُعوان الھندی بحق درہ ھوکی تیشکری یکیکو یادکرے بھمن بھمن تیشکری کلّ مَیلوہ کان بکوکُ کورش ایک لساھی مھیائیل مھابیلا منا بیلا درہ سُلَیمانِی بلقیس مَن بَعَثَنَا مِن مَرْقَدِنَا، ھٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ۔

دیگر حاضرات

اگر کسی پر روحانی علوی یا سفلی سحر کرایا ہو تو اکتالیس جَو لیکر ایک مرتبہ عزیمت پڑھ کر عامل اپنے بائیں ہاتھ میں رکھے اور داہنے ہاتھ سے مریض کے سر کے بال پکڑلے۔ دو، چار جَو کے دانوں پر سات یا نو یا پندرہ مرتبہ پڑھ کر مریض کے سر پر مارے انشاء اللہ فوراً حاضر ہو کر ہم کلام ہوگا۔ اور عزیمت کو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے،

انشاءاللہ آرام ہوگا۔ پندرہ۱۵ مرتبہ پانی پر دم کر کے پینے کو دینا چاہیئے، اور سرسوں کے تیل پر گیارہ۱۱ مرتبہ پڑھ کر لگانے کیلئے دینا چاہیئے۔ یعنی دونوں بھنوروں پر کان کی پاپڑیوں پر، ناک کے نتھنوں میں بیسوں ناخونوں پر اور دل پر صبح و شام لگانا چاہیئے۔

عزیمت یہ ہے

قُلْ قُلْ قُلْ کَافِرُوْنَ هُوَاللّٰهُ هُوَاللّٰهُ هُوَاللّٰهُ فَلَقَ فَلَقَ فَلَقَ بِرَبِّ النَّاسِ بِرَبِّ النَّاسِ بِرَبِّ النَّاسِ، اُحْضُرُوْا مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیَاطِیْنِ، اَخُذْ اَخُذْ اَخُذْ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ شَرِیْفَةِ وَبِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

دیگر حاضرات اس عزیمت کو گلاب یا چمیلی کے پھول پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کو سنگھائے۔ انشاءاللہ فی الفور آسیب حاضر ہو کر ہم کلام ہوگا۔ مجرّب آزمودہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ یَاذِی الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ۔ وَالْمُلْكِ الْقَدِیْمِ وَالصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ۔ اَرْسَلَ الرِّیَاحَ وَیَا خَالِقَ الْاَصْبَاحَ وَبَاعِثَ الْاَرْوَاحَ وَیَاوَجُوْدُ الصَّبَاحَ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا اَحَدُ یَاصَمَدُ یَافَرْدُ یَاوِتْرُ اگر ترسائی بحق توریت

موسیٰ و اگر مغی بحق زبور داؤد و اگر گبریائی بحق انجیل عیسیٰ و اگر مسلمانی بحق فرمان محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم و بحق جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل و بحق عزت و جلالِ خدا حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

اگر حاضر نہ ہو تو ان اسمار کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں یَا جَبَّارُ بِجَبَرُوْتِ بِالْجَبَرُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ فِیْ جَبَرُوْتِ یَا جَبَرُوْتُ یَا جَبَّارُ انشاء اللہ فوراً حاضر ہو کر ہم کلام ہوگا۔

دیگر حاضرات

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ بِاسْمِ جَلِیْلٍ بِحَقِّ مَیْمُوْن زنگی بحق مَیْمُوْن حَبْشِی وبحق مَیْمُوْن تونی ومَیْمُوْن طونی وبحقّ مَیْمُوْن قرنی وَابن مَیْمُوْن صاحب الْاَعْوَانِ الْهِنْدِیْ اُخْرُجْ مِنَ الْجِنِّ وَالْجُنِیْنِ اُخْرُجْ مِنَ الْمَاءِ وَالْعَصْرِ وَاُخْرُجْ مِنَ الْخَبِیْثِ وَالْخَنَّاسِ اُخْرُجْ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ اُخْرُجْ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَاُخْرُجْ مِنَ الْبَادِیْ وَالْوَادِیْ اُخْرُجْ مِنَ الْاَنْهَارِ وَالْاَشْجَارِ وَاُخْرُجْ مِنَ الشَّعْرِ وَالْاَشْعَارِ اُخْرُجْ مِنَ الْقُبُوْرِ وَالْقُیُوْدِ اُخْرُجْ مِنَ الْاَکْنِّ وَالْاَکْنَانِ وَاُخْرُجْ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ بحقّ اٰصف بن برخیا بحق فنتیعطوس شَیْخُ الْجِنِّ یَا حَرْقَلُ یَا حَرْقَلَانِ یَا قَوْقَلُ یَا قَوْقَلَانِ یَا عَجُوْزُ اُمَّ الصِّبْیَانَ

خُذ ھٰذَا بِالشَّرِّ الْاَخذِ بِحَقِّ تَورِیتَ مُوسیٰ وَاِنجِیل
عِیسیٰ وَبِحَقِّ زَبُور دَاوٗدَ عَلَیہِ السَّلَامُ وَبِحَقِّ فُرقَان
مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ وَبِحَقِّ جَمِیعِ
اَلْکُتُبُ الَّذِیْ اَنزَلتَ عَلیٰ اَنبِیَاءِ الْمُرسَلِینَ، سَلٰمٌ
قَولًا مِن رَّبٍّ الرَّحِیمِ وَامتَازُوا الیَومَ اَیُّھَا الْمُجرِمُونَ
بِحَقِّ سَیِّدِ السَّادَاتِ مِیرَانَ مُحِیُ الدِّینِ عَبدُ القَادِرِ جِیلَانِیْ
بِحَقِّ جِبرَائِیل ومِیکَائِیل وَاِسرَافِیل وعِزرَائِیل حاضر شو
حاضر شو، حاضر شو۔

اس عزیمت کو تیرہ ۱۳ مرتبہ عطر پر پڑھ کر رکھے اور عود پر اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر رکھے۔ بوقت ضرورت دھونی دے اور عطر لگادے اگر پھر بھی حاضر نہ ہو تو جو یا پیلی سرسوں یا پنبہ دانہ پر اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے دھونی دیوے انشاء اللہ فی الفور حاضر ہوگا۔

دیگر حاضرات آسان اور سہل حاضرات جو کہ تھوڑی سی محنت سے حاصل ہو جاتا ہے۔ اول عزیمت کو اکتالیس ۴۱ روز تک ایکسو اکیس ۱۲۱ مرتبہ بعد نماز عشاء تنہائی میں پڑھے۔ بعد اکتالیس ۴۱ روز کے نقش مذکور کو لکھے اور درمیان کے خانہ میں سیاہی بھریں۔ اس حاضرات کو چھوٹے بچہ یعنی بارہ ۱۲ سالہ سے لیکر ساٹھ برس انسان پر مرد عورت پر کیا

جاسکتا ہے۔ ایک کوری (نئی) مٹی کی چھوٹی ہنڈیہ اُلٹی رکھ کر اس کی پشت پر چراغ نور رکھیں، اور روئی کی بتی بنا کر ڈالیں اور سرسوں کا تیل ڈال کر چراغ جلائیں۔ بچہ یا مریض کو سامنے بٹھائیں اور نقش اسکے ہاتھوں میں پکڑائیں۔ اور چراغ اور مریض کے چاروں طرف حصار کریں، حصار سابقہ لکھے جاچکے ہیں اور عزیمت گیارہ مرتبہ پڑھ کر چراغ کی لَو پر دم کریں، اور گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض کے سر پر دم کریں۔ اور گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس نقش پر دم کریں جو کہ مریض کے دونوں ہاتھوں میں دیا ہوا ہے۔ پھر معلوم کریں تو نقش میں ایک معمر بزرگ نظر آئے گا۔ عامل بذریعہ مریض سلام کرے، بعدہٗ مریض کے بارے میں معلومات کرے۔ اگر مریض پر آسیب کا سایہ ہو تو اس کو گرفتار کرائے۔ یا قید کرے۔ یا قتل کرائے یا جلا کر خاک کرائے۔

انشاء اللہ جیسے عامل چاہے گا ویسا ہوگا۔ وہ نقش حاضرات کا یہ ہے۔ اسکو لکھ کر تیار کرلیں اور ایک نقش لکھ کر مریض کے گلے میں باندھنے کو دیویں اور بارہ نقش پینے کو صبح شام دیں۔ انشاء اللہ مکمل آرام ہوگا۔ حاضر شو، حاضر شو، حاضر شو۔

۷۸۶

اجب یا ھیائیل بحق یا حی

۸	۱	۶
۳	سیافی	۷
۴	۹	۲

۷۸۹

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

دوسرا نقش

احب یا ہیائیل بحق یا حیی

یہ پلانے اور باندھنے کیلئے ہے۔

باب چہارم
دربیان قید و بند آسیب

واضح ہو کہ جب آسیب مریض کے سر پر آجاتا ہے تو سوال وجواب کیا جاتا ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اس عرصہ میں آسیب بھاگ جاتا ہے، تو سوال وجواب کرنے سے پہلے لازم ہے اس کا حصار کرلے تاکہ فرار نہ ہونے پائے وہ حصار یہ ہے۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

نوٹ:۔ غِشَاوَةٌ پڑھے یعنی غِشَاوَةٌ کی ۃ کو واو میں ملا کر پڑھے غِشَاوَة پر آیۃ نہ کرے۔ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ پڑھے۔

اوّل سُرخ ریشمی دھاگے کا ساؔت تار کا ایک گنڈہ تیار کریں اور سات سات مرتبہ آیت کو پڑھ کر دم کرے اور ساؔت گرہ کا گنڈہ تیار رکھے۔ بوقتِ ضرورت سوال وجواب کے ہر گرہ پر ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کے گلے میں باندھے۔ چار گنڈے اور تیار رکھنے چاہئیں یعنی دو ہاتھوں میں باندھنے کے لئے اور دو پاؤں میں باندھنے کے لئے اور ان گنڈوں میں پانچ پانچ گرہ دیگر تیار کریں اور ہر گرہ پر ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے داہنے بازو میں بائیں بازو میں، ایک داہنے پیر میں، ایک بائیں پیر میں باندھیں۔ لوبان کی دھونی دے کر باندھیں، انشاء اللہ آسیب فرار نہ ہونے پائے گا۔ پھر کوئی بھی فلیتہ تیار کر کے آسیب جلا کر خاکستر کریں مجرّب وآزمودہ ہے۔

برائے قید کرنے آسیب کے

یہ دوسرا احصار بھی فقیر کا آزمودہ ہے۔ اوّل زکوٰۃ ترکِ حیوانات جمالی کے ساتھ ادا کرے۔ سوا لاکھ مرتبہ چالیس روز میں پورا کرلے۔ بعدہٗ پانچ گنڈے ساؔت تار کے تیار کرے، سُرخ ریشم کے ہونے چاہئیں اور ہر گرہ پر ساؔت ساؔت مرتبہ پڑھ کر دَم کرے۔ اوّل گنڈہ گلے میں دوسرا داہنے بازو میں تیسرا بائیں بازو میں چوتھا داہنے پیر میں اور پانچواں بائیں پیر میں باندھنا چاہیئے، انشاء اللہ آسیب بھاگنے نہ پائے گا۔ جب تک گنڈہ نہ کھولا جائیگا

وہ حصار یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا حلیم یا کریم یا حافظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر یا رقیب یا وکیل بحق یا اللہ یا اللہ یا اللہ بحق کھیعص حم عسق حرز کردم خود را لا الٰہ الا اللہ حصار کردم خود را محمد رسول اللہ۔

دیگر برائے قید کرنے آسیب کے اس حصار کو تین مرتبہ پڑھ کر چھری یا چاقو پر دم کر کے آسیب زدہ مریض کے چاروں طرف حصار کرلے، انشاء اللہ آسیب بھاگنے نہ پائے گا۔ وہ حصار یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الٰہ الا اللہ، گر بگرد حصار در ہزار حصار باد محمد رسول اللہ گرد آں حصار بستم قفل لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ صم بکم عمی فھم لا یرجعون۔

برائے قید کرنے آسیب کے اگر چاہے کہ آسیب مریض پر حاضر ہووے اور آسیب کو قید کرے تو مریض کی پیشانی کے بال پکڑ کر تین گرہ لگائے، اول گرہ پر تین مرتبہ پڑھ کر گرہ لگائے۔ علیقا ملیقا انت تعلم ما فی قلوبھم طلیقا پڑھ کر گرہ لگا دے، دوسری گرہ پر سلٰم قولا من رب الرحیم ختم اللہ علیٰ قلوبھم وعلیٰ

سَمْعِهِمْ وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ پڑھ کر دم کر کے گرہ لگا دے، تیسری گرہ پر فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ۔ عَقَدْتُمْ عَقَدْتُمْ عَقَدْتُمْ عَقَدْتُمْ عَفْرُوْشٍ عَفْرُوْشٍ عَفْرُوْشٍ قَرْقِيْشٍ قَرْقِيْشٍ قَرْقِيْشٍ حَسْبُنَا حَسْبُنَا حَسْبُنَا بحق سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، بند شو، بند شو، بند شو تا من نکشایم ہیچ نکشاید پڑھ کر دم کر کے گرہ لگا دے، انشاء اللہ آسیب فرار نہ ہو پائے گا۔

باب پنجم

علاج آسیب و مدفون کردن آسیب

اوّل اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر بائیں کان میں دم کرے انشاء اللہ آسیب دفع ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ۔ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝

دیگر برائے دفع آسیب مذکورہ بالا آیت کو داہنے کان میں ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور بائیں کان میں ۱۹ مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ آسیب دفع ہوگا۔ زکوٰۃ اس کی یہ ہے کہ اکتالیس

روز تک ایک ہزار مرتبہ روز پڑھے۔

ترکِ حیوانات جمالی کے ساتھ بعد زکوٰۃ کے اہم مرتبہ ورد میں رکھے، مجرب و آزمودہ ہے۔

دیگر دفع آسیب مریض کے کان میں اذان دیگر سورہ فاتحہ اور معوذتین اور آیۃ الکرسی اور سورہ طارق اور سورۂ حشر کا آخری رکوع هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ . عٰلِمُ الْغَيْبِ سے آخر تک اور سورۂ صافات پوری پڑھ کر دم کرے، انشاء اللہ آسیب جل جائے گا۔ اور مریض فوراً سکون و آرام پائے گا۔ مجرب ہے۔

دیگر دفع آسیب آسیب زدہ کے کان میں سورۂ مؤمنون کی آیتیں اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا سے اخیر تک پڑھ کر دم کرے، انشاء اللہ کیسا ہی سخت آسیب ہوگا دفع ہو جائے گا۔

برائے دفع آسیب پانی پر سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور پانچ آیتیں اوّل سورۂ جنّ کی كَذِبًا تک پڑھ کر مریض کے منہ پر چھینٹا دیوے۔ مریض ہوش میں آجائے گا اور جس مکان میں آسیب کا خلل ہو اسکے چاروں طرف چھڑک دے، آسیب جاتا رہے گا۔

برائے دفع آسیب اگر کسی مریض کے آسیب جنات دیو کفتاران ثمریان بیابان خبیث وعفریت وغیرہ کو جلانا مقصود

ہو تو اوّل حاضر کرے اور پھر گوگل، لوبان، زرد لکڑی واسپند و پیلی سرسوں لیکر سات مرتبہ اس عزیمت کو پڑھ کر دم کرے اور چاروں طرف مریض کے دھونی دیتا رہے۔ یہاں تک کہ آسیب ختم ہوجائے، آسیب کی طاقت ختم ہوجائے اور مریض کو تا آسمان آگ ہی آگ نظر آئے گی۔ ہیبت نہ کھائے بوتل یا کوری ہنڈیہ تیار رکھے اور حکم کرے کہ شیشی یا ہنڈیہ میں داخل ہو جاؤ پھر آیت کو ہنڈیہ کے منہ پر لکھو اور آردِ گندم سے منہ بند کر دو اور بند کرتے وقت یہ عزیمت پڑھو۔ وہ آیت یہ ہے ہنڈیہ کے گلے پر لکھی جائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ وَعَلٰى سَمۡعِهِمۡ وَعَلٰۤى اَبۡصَارِهِمۡ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ۔ وَجَعَلۡنَا مِنۡۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ سَدًّا وَّمِنۡ خَلۡفِهِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَيۡنٰهُمۡ فَهُمۡ لَا يُبۡصِرُوۡنَ۔

منہ بند کرتے وقت جو عزیمت پڑھی جائے گی وہ یہ ہے۔ اور منہ پر (عقد نام مریض) لکھے عَقَدۡ ثُمَّ عَقَدۡ ثُمَّ عَقَدۡ ثُمَّ عَقَدۡ ثُمَّ عَقۡرُوۡشٍ، عَقۡرُوۡشٍ قَرۡقَشٍ قَرۡقَشٍ، حَسۡبُنَا حَسۡبُنَا حَسۡبُكَ لِقَيُوۡدِ سُلَيۡمَانَ بن داؤد عَلَيۡهِ السَّلَام بصد ہزار بند آہنی کردم تا من نکشایم ہیچ نکشاید بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ و بحق ایں نقش خاتم سلیمان بن داؤد علیہ السلام۔ پھر ہنڈیہ زمین میں دفن کرے یا کسی قبرستان وغیرہ میں۔ اور

گوگل، پیلی سرسوں لے کر یہ عزیمت پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یٰمعشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السمٰوٰت والارض فانفذوا لا تنفذون الا بسلطان بحق یا جبرائیل یا میکائیل یا اسرافیل یا عزرائیل واتبعوا ما تتلوا الشیاطین علیٰ ملک سلیمان وما کفر سلیمان ولکن الشیاطین کفروا یعلمون الناس السحر بحق انجیل عیسیٰ و توریت موسیٰ و زبور داؤد فرقان محمد رسول اللہ بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ و بحق ایں نقش خاتم سلیمان بن داؤد علیہ السلام یا مطلب لفخ یا مسیخسا ماج یا طھو شا مالیومن تا دعا یا مقططو رحایا مسلملیسا یا مقطط لون یا قوم لون یا مصھار حبش یا سما سلح میس یا مطھا طفع یا مصطفےٰ بحق طوشو شائیل بحق از حضورائیل ورو قائیل وھمو زائیل برحمتک یا ارحم الراحمین پڑھ کر سرسوں وغیرہ ہنڈیہ کے چاروں طرف ڈالیں اور بند کر دیں، انشاء اللہ آسیب ہر طرح کا بند ہو جائے گا۔

ضروری ہدایت: عزیمت کے الفاظ کسی عامل کو سنا کر صحیح کر لینا ضروری ہیں۔

برائے دفعِ آسیب جنات خبیثات وغیرہ

اگر کسی آسیب زدہ پر آسیب کو حاضر کرنا چاہے تو اوّل ہموار زمین پر آسیب زدہ کی تصویر بنائے اور مریض کو قریب بٹھائے اور تل کی لکڑی یا بید انجیر کی لکڑی پر عزیمت پڑھ کر ایک بار دَم کرے اور خود عامل عزیمت پڑھنا شروع کرے اور لکڑی تصویر کے اعضاؤں پر مارے تو آسیب چلائے گا اور معافی مانگے گا۔ اگر کورے سکورے میں آگ رکھ کر اور ایک بار عزیمت دَم کرکے تصویر کے سینے پر رکھے تو آسیب چیخ و پکار کرے گا کہ میں جل گیا بچاؤ۔ اور اگر چھری پر دَم کرکے تصویر کی آنکھوں میں مارے تو آسیب کہے گا کہ میری آنکھیں نہ پھوڑو اور مجھے جانے دو، آئندہ نہ ستاؤں گا، عامل چاہے آزاد کرے، چاہے قید کرے یا جلائے۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاَرْوَاحِ وَیَا صَاحِبَ السِّحْرِ وَالْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ مِنْ جُنُوْدِ اِبْلِیْسَ یَا مَیْمُوْنَ الْمُلْکَ یَا شَدَّ الَّذِیْ قُوِیَ بِحَقِّ مَیْمُوْن فرنگی وبحقِّ مَیْمُوْن حَبْشِیْ وبحقِّ ابن میمون صَاحِبَ الْاَعْوَانِ الْھِنْدِیْ اُخْرُجْ مِنَ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ اُخْرُجْ مِنَ الْوَادِیْ وَالْبَادِیْ اُخْرُجْ مِنَ الشَّجَرِ وَالْاَشْجَارِ اُخْرُجْ مِنَ الْاَکِنِّ

وَالْاَکْنَانِ اُخْرُجْ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ وَّمُقَامٍ بحقِّ خاتمِ سُلَیْمَان بن داؤد علیہ السلام وبحقِّ آصف بن برخیا قَیْقَطُوشٍ شَطْرِ الجنّ وَالشَّیَاطِیْن۔ یا توقَل یا تُوقَلان یا ہَرقَل یا ہَرقُلان بحقِّ عَجُوزٌ اُمِّ الصِّبْیَان خُذ ھٰذا بالشّرِّ الادُخر بحقِّ توریت موسیٰ وبحقِّ زبور داؤد وانجیل عیسیٰ وفرقان محمدٌ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وبحقِّ جمیع الکُتُبِ اُنْزِلَتْ جمیع الانبیاء والمرسلین وبحقِّ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ وَامْتَازُوا الْیَوْمَ اَیُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ اِدفع بحقِّ سیّدِ المشائخین شیخ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرّہُ العزیز العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا بحق لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ محمدٌ رسولُ اللہ۔

برائے طریق زکوٰۃ عزیمت

اس عزیمت کا آسان اور مجرب و آزمودہ طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ شروع کرے اور چالیس روز کسی صاحب مزار کے قریب بیٹھ کر پڑھے ہر روز پندرہ مرتبہ پڑھے، ناغہ نہ کرے، پرہیز جمالی کرے، انشاء اللہ عمل کامیاب ہو جائے گا۔

عزیمت صـ۳۶ پر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ وَیَاصَاحِبُ السِّحْرِ وَالْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ مِنْ کُنُوْزِ الْمُلْکِہٖ بِحَقِّ مَیْمُوْن زنگی وبحق مَیْمُوْن حَبْشِیْ اُخْرِجَ الْجِنِّ وَالْجِنِیْنِ اُخْرِجَ الْاَمْرَاضِ وَالْاَفْرَادِ اُخْرِجْ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ وَّمُقَامٍ وبحقِّ خَاتَمِ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاؤدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَاقُوْ قَلُ یَا قَوْقَلَانِ یَا ھَرْکُلُ یَاھَرْکُلَانِ یَاعَجُوْزُ اُمُّ الصِّبْیَانِ خُذْ ھٰذَا وَھٰذِیْ بحق تَوْرَیْتِ مُوْسٰی وَاِنْجِیْلِ عِیْسٰی وَزَبُوْرِ دَاؤد وفُرْقَانِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وبحقِ جَمِیْعِ الْکُتُبِ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ ؕ اِدْفَعْ بحقّ وشیخ الْمَشَائِخ حضرت سُلطان شیخ عبد القادر جیلانی علیقاً مَلِیْقاً طَلِیْقاً اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِہِمْ طَلِیْقاً مَلِیْقاً بحقِّ جَمِیْعِ مُوَکِّلَانِ اُحْضُرُوْا بحقِّ یَابدوح ؕ

بعد عمل کے تین مرتبہ روز ورد میں رکھے، اگر حاضر کرنا چاہے تو احضرو پڑھے۔ اگر دفع کرنا چاہے تو اُخرِجُو پڑھے، انشاء اللہ فی الفور دفع ہوگا۔

برائے عمل سُورۂ لایلف

عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ شروع کرے چالیس روز میں سوا لاکھ مرتبہ پورا کرے ترکِ حیوانات جمالی کرے، ناغہ نہ کرے۔ اول و آخر درود و سلام، حضور

سرورِ کونین امام المرسلین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو پیش کرے ۔ بعد عمل کے ایک سو مرتبہ ورد میں رکھے، انشاء اللہ عامل ہو جائے گا۔

برائے دفع آسیب اس سورۃ کا عامل اگر آسیب زدہ کو اپنا سلام کہلا کر بھیجدے تو آسیب انشاء اللہ بھاگ جائے گا۔

برائے حاضر کرنا آسیب اگر سات مرتبہ پھول یا عطر یا اگر بتیوں پر دم کرکے آسیب زدہ کو سنگھائے تو آسیب فوراً حاضر ہوگا۔ اگر ساتؔ مرتبہ پانی پر دم کرکے آسیب زدہ پر چھینٹے مارے تو بطور آگ کے جلے گا اور چیخ مارے گا اور انشاء اللہ دفع ہوگا۔

برائے در بدن قید کردن

اگر بدن میں قید کرنا مقصود ہو تو تین گنڈے اس طرح بنادے کہ ہر گنڈہ پر ساتؔ گرہ لگائے اور ہر گرہ پر ساتؔ مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ مگر جو گلے کے واسطے بنادے اس میں بیچ کی تین گرہ پر تین تین پھندے دیوے اور ان پر گیارہؔ گیارہؔ مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

باقی دوؔ گنڈے بدستور مذکور بالا کے تیار کرے۔ اول داہنے بازو میں ——————— دوسرا بائیں بازو میں باندھے، پھر

سوال وجواب کرے جب تک عامل گنڈہ نہ کھولے گا آسیب فرار نہ ہونے پائیگا اگر ایک سو ایک مرتبہ پھول پر دم کرکے آسیب زدہ کو سنگھائے تو آسیب کی فوراً مشکیں چڑھ جاوینگی اور آسیب حاضر ہوجائے گا اگر گیارہ مرتبہ پانی پر دم کرکے بیمار کو پلائے تو شفا ہوگی۔ انشاءاللہ اگر پیلیہ والے کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پلائے انشاءاللہ شفا ہوگی۔ تیس روز تک پلائے اور جس کھانے پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر کھلائے برکت ہوگی، اور مضرت دفع ہو۔ اگر زعفران وگلاب سے لکھ کر چینی کے برتن میں زہر خوردہ کو پلائے تو انشاءاللہ زہر اثر نہ کرے گا۔ اور دردِ شکم کو پلائے، دردِ شکم دور ہوگا۔

دیگر طریق زکوٰۃ سورۂ قریش

عروج ماہ میں شروع کرے۔ بروز پنجشنبہ سے ۳۶۰ مرتبہ روز پڑھے۔ چالیس روز تک ترک حیوانات جمالی کرے۔ بعد عمل کے ایکسو ایک مرتبہ روز ورد میں رکھے، اس عمل کے فوائد بھی وہی ہیں جو اوپر گذر چکے ہیں۔ مجرّب وآزمودہ ہے۔

دیگر عمل

اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ۝ وَّأَكِيدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ سے شروع کرے، چالیس روز تک پڑھے روزانہ دوہزار ایکسو مرتبہ پڑھے اور ترک حیوانات جمالی کرے، بعد عمل کے ایکسو اکیس مرتبہ روز ورد میں رکھے، انشاءاللہ اس آیۃ شریفہ کا عامل ہوگا۔

خاصیت اگر اس آیت کو گیارہ ۱۱ یا اکیس ۲۱ مرتبہ پھول یا عطر پر پڑھکر آسیب زدہ کو سنگھائے تو آسیب فوراً حاضر ہوگا اور ہم کلام ہوگا مگر آیت اِنَّهُمْ سے کَيْدًا تک پڑھے اور اگر اسی آیت کو آسیب زدہ کی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے تین مرتبہ لکھے تو آسیب فوراً حاضر ہوگا، عاجزی کرے گا اور ہم کلام ہوگا۔ اگر اسی آیت کو شہادت کی انگلی سے تین مرتبہ حاملہ عورت کے پیٹ پر ناف سے نیچے لکھے تو انشاء اللہ اس وقت تک بچہ پیدا نہ ہوگا جب تک دوسری آیت فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا نہ لکھے گا اگر اسی دوسری آیت کو شہادت کی انگلی سے آسیب زدہ کی پیشانی پر تین مرتبہ لکھے تو آسیب فوراً دفع ہوگا۔ اگر یہی دوسری آیت ایک مرتبہ پھول پر پڑھکر سنگھائے تو آسیب از حد خوش ہووے۔ مگر ایک مرتبہ سے زیادہ نہ پڑھے، ورنہ فرار ہو جائے گا۔

طریقہ برائے زکوٰۃ عمل اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝ عروج ماہ میں بدھ جمعرات جمعہ تین روز پڑھے۔ اکیس ۲۱ ہزار ایکسو مرتبہ پڑھے اور وہیں سو جائے، انشاء اللہ تین دن میں خواب میں اجازت حاصل ہوگی۔ یہ زکوٰۃ بھی وہی خاصیت رکھتی ہے جو اوپر بیان ہو چکی ہے۔ بعد زکوٰۃ کے گیارہ ۱۱ مرتبہ صبح و شام ورد جاری رکھے۔

چہل کاف کی زکوٰۃ کے بیان میں

یہ طریقہ حضرت غوث صمدانی قطب ربانی شیخ عبدالقادر رضا صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چہل کاف کے اعداد کرے جو کہ یہ ہیں ۵۷۴۷ ان کو پچیس پر تقسیم کرو اور پچیس روز تک اور ہر روز ۲۳۰ مرتبہ تعداد پڑھنی ہے اور بعد عمل زکوٰۃ کی ادائیگی کے ۲۱ مرتبہ روز ورد میں رکھے۔ دوسری ترکیب حضرت ممدوح کے فرمان کے مطابق یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ ایک مجلس میں ہزار مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ عمل کامیاب ہوگا۔

فوائد ۱ برائے آسیب زدہ سرسوں کے تیل پر چالیس مرتبہ پڑھ کر مالش کراویں تو آسیب دفع ہوگا۔

(۲) اگر کسی کے دردسر کہنہ ہو جائے اور کسی علاج سے نہ جاتا ہو تو ماہ صفر المظفر کے آخری چہار شنبہ کو چہل کاف لکھ کر باندھیں، دردسر انشاء اللہ فوراً دور ہوگا۔

(۳) اگر کسی کو درد چشم ہو تو گلاب کے پھول پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اور آنکھوں پر ملے، انشاء اللہ آرام ہوگا۔

(۴) اگر کسی کے پیٹ میں شدید درد ہو تو سات مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کر کے درد شکم والے کو کھلائے۔ انشاء اللہ درد فوراً دور ہو جائے گا۔

(۵) اگر چہل کاف کو لکھ کر دانتوں میں دبائے اور ایک سو ایک مرتبہ پڑھے

اور مشتبہ آدمیوں کو سامنے رکھتے جو چور ہوگا، انشاءاللہ رونے لگے گا۔ اور اقراری ہوگا۔

(۶) اگر کسی کے جوڑوں میں درد ہو تو چہل کاف کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر بازو پر باندھے انشاءاللہ دفع ہوگا۔

(۷) اگر کسی شخص کو بواسیر خونی یا بادی ہو تو چہل کاف بلی کی کھال پر لکھ کر گلے میں باندھے اور سات عدد سفید کاغذ پر لکھ کر علی الصبح پلائے، انشاءاللہ بواسیر خونی یا بادی دور ہوگی۔

(۸) اگر کسی شخص کو کوئی دشمن ایذا پہنچاتا ہو اور باز نہ آتا ہو تو شب دوشنبہ چالیس بار پڑھ کر دشمن کے گھر کی طرف دم کرے انشاءاللہ دشمن ایذارسانی سے باز آئے گا۔

(۹) اگر کسی شخص کا کوئی دشمن ہو اور اسکو دشمنی سے روکنا مقصود ہو تو درمیان عصر مغرب کے بروز سہ شنبہ ستر مرتبہ پڑھے۔ قبرستان میں بیٹھ کر اور پرانی قبر کی مٹی پر دم کرکے دشمن کے مکان میں ڈالے، انواع واقسام کی مصیبتوں میں مبتلا ہوجائے گا، اور دشمنی ترک کردے گا۔

(۱۰) اگر کوئی شخص کسی کی زبان بدگوئی سے بند کرنا چاہے تو چہل کاف کو ستر مرتبہ نمک پر پڑھ کر دشمن کے گھر میں ڈالے انشاءاللہ زبان بدگوئی سے بند ہوگی۔

(۱۱) زبان بدگوئی سے بند کرنے کیلئے چہل کاف کو شنگرف کی ڈلی پر لکھ کر یا شنگرف سے لکھ کر کھلائے تو زبان بدگوئی سے بند ہوگی۔

(۱۲) اگر کوئی شخص قیدی کو آزاد کرانا چاہے تو روٹی پر چہل کاف لکھ کر ایک ہفتہ کھلائے تو قیدی انشاء اللہ آزاد ہوگا۔

(۱۳) اگر کوئی شخص اپنے مطلوب کو مائل اپنی طرف کرنا چاہے تو مشک زعفران سے لکھ کر مطلوب کے راستہ میں دفن کرے، انشاء اللہ مطلوب بے چین و بے قرار ہو کر حاضر ہووے گا۔

(۱۴) اگر چہل کاف کو میٹھے تیل پر ایکسو سات ۱۰۷ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور بالوں میں مالش کرے تو بال دراز ہو جائیں گے۔

(۱۵) اگر مار گزیدہ یعنی سانپ کے کاٹے کو ایک سو ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائے یا چھینٹے مارے تو ہوش میں آجائے اور انشاء اللہ صحت یاب ہوگا۔

(۱۶) اگر کسی عقیم یا عقیمہ کو چھوہارہ پر دم کر کے ایام سے پاک ہونیکے بعد کھلائے۔ تین ماہ تک اکیس ۲۱ چھوہارے ہر مرتبہ اور ہر چھوہارہ پر سات ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلائے انشاء اللہ با اولاد ہووے۔

(۱۷) اگر کسی کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں تو پیپل کے پتے پر لکھ کر مصروع کے بدن پر ملیں تو انشاء اللہ فوراً آرام وسکون ہوگا۔

(۱۸) اگر کوئی شخص چاہے کہ پریوں سے ملاقات کروں تو جمعہ کی رات

کو چالیس ۴۰ مرتبہ پڑھے اور بخور جلائے، تو انشاء اللہ پہلے جمعہ یا دوسرے یا تیسرے جمعہ کو ضرور پریاں حاضر ہوں گی ۔

(۱۹) دفع وسوسۂ شیطانی کے دور کرنے کے واسطے گیارہ ۱۱ مرتبہ روز پڑھتا رہے، انشاء اللہ چند روز میں وسوسۂ شیطانی دور ہوگا۔

(۲۰) اگر کوئی عورت بدکارہ ہو تو گلاب کے پھول پر سات ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور سنگھائے، چند بار کے عمل سے انشاء اللہ بدکاری سے باز آجائے۔

(۲۱) اگر کوئی شخص سنگرہنی کے مرض میں مبتلا ہو تو قند پر اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر کھلائیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔

چہل کاف یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةٌ كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلَكَ تُكَرُّكَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ تَحْكِيْ مُشْكُشْكَةٍ كَدَكَلُكَ كَلَكَ كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهُ يَا كَوْكَبًا كَانَ تَحْكِيْ يَا كَوْكَبَ الْفَلَكِ۔

اور بانوکل چہل کاف اس صورت سے ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كَفَاكَ رَبُّكَ يَا جُنْتَائِيْلُ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةٌ يَا دُرْدَائِيْلُ كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ يَا جِبْرَائِيْلُ كَانَ مِنْ كَلَكَ يَا كَنْكَائِيْلُ تُكَرُّكَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ يَا تَعْمَائِيْلُ فِيْ كَبَدٍ

تَخَیَّ مُشَکْشَکَۃٍ یَا کَلْکَائِیْلُ کَلْکَلْکٍ کَلَکٍ یَاھَمْرَائِیْلُ کَفَاکُ مَابِیْ کَفَاکُ الکَافُ کُرُبَتُہٗ یَا عِزْرَائِیْلُ یَا کُوْکَبًا کَانَ تَخَلِیْ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا کَوْکَبَ الفَلَکِ یَامِیْکَائِیْلُ ۔

دیگر طریق زکوٰۃ چہل کاف

حسب اجازت حضرت استاد المکرم شاہ صوفی عبدالستار صاحب قلندری مدظلہٗ ۔

اوّل تین روز روزہ رکھے ۔ بدھ، جمعرات، جمعہ اور ترک حیوانات جمالی کرے اور شام کو دودھ چاول سے روزہ افطار کرے اور روز ایک فقیر کو دودھ چاول پیٹ بھر کر کھلائیں اور روز ایصال ثواب انبیاء و اولیاء کرام کو خاصکر نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرے اور تیسرے روز یعنی جمعہ کو صبح کی نماز کے بعد بکنارہ دریا جاکر اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور چہل کاف کو گیارہ سو مرتبہ پڑھے ۔ بعدہٗ صبح شام گیارہ گیارہ مرتبہ کا ورد رکھے ۔ زکوٰۃ ادا ہوگئی اور عمل ہوگیا ۔ اگر کسی کو آسیب، جن، دیو خبیث ایذا دیتا ہو تو سات مرتبہ سرسوں کے تیل پر پڑھ کر دم کرے اور آسیب زدہ کے دونوں کانوں میں ڈال کر شہادت کی انگلیوں سے کان کے سوراخ بند کرے تاکہ تیل باہر نہ نکلے ، اور کچھ تیل بدن پر بھی ملے ، انشاء اللہ آسیب کے جلنے کی بو آئے گی اور بالکل جل جائیگا ، اور فریاد بھی کرے گا یہ طریقہ آسیب و جنات کے بارے میں سریع النفع ہے ۔ چہل کاف اوپر گذر چکا ہے ۔

دیگر طریق زکوٰۃ چہل کاف

حسب اجازت حضرت استاذ المکرم موصوف یہ کہ عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ بعد نماز فجر غسل کرے اور روزہ رکھے اور کپڑا بغیر سلا ہوا پہنے ، دو رکعت نماز نفل پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایصال ثواب ختم خواجگان قادریہ یا چشتیہ پڑھے اور ایک ہزار ایک مرتبہ چہل کاف پڑھے اور سوا سیر گندم کے آٹے کی میٹھی روٹی بنائے اور چار فقیروں کو کھلائے اور شام کو خود روزہ افطار کرے اور پنجشنبہ سے دوشنبہ تک پڑھے۔ ہر روز بعد افطار کے ایک سو سات مرتبہ پڑھے ۔ یہ زکوٰۃ پانچ روز کی ہے۔ صبح کو ایک ہزار ایک مرتبہ اور شام کو ایک سو سات مرتبہ روز پڑھے ، زکوٰۃ ادا ہوگی اور عمل مکمل ہوگا۔ اور کشائش رزق ہوگا۔

برائے دفع عدو

نزول ماہ میں بروز سہ شنبہ یا سہ شنبہ بوقت زوال یا نیم شب ایک ہزار ایک مرتبہ نیم کی لکڑی کے قلم یا لوہے کے قلم اور سیاہی سے لکھے ، اور اتنی ہی مرتبہ پڑھے انشاء اللہ عدو شہر سے باہر ہوگا۔

دیگر طریق زکوٰۃ چہل کاف

حسب اجازت استاذ المکرم اول بدھ جمعرات و جمعہ کا روزہ رکھے اور گیارہ سو گیارہ مرتبہ ایک جلسہ میں پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور حرز شریف ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ یعنی پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف

پڑھے ۔ پھر ایک مرتبہ حرز شریف پڑھے ۔ پھر گیارہ سو گیارہ مرتبہ چہل کاف پڑھے پھر ایک مرتبہ حرز شریف ، پھر گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے ، اسی طرح تین روز پڑھے اور ختم خواجگان روز پڑھتا رہے اور روز ہی دودھ کی شیر بنائے ، اور ایک فقیر کو روز کھلائے اور آدھی سے خود روزہ افطار کرے اور طلوع آفتاب کے بعد دریا کے کنارے پڑھے ، زکوٰۃ ادا ہو گی ۔ عمل مکمل ہو گا ۔ حرزِ شریف یہ ہے :

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا حُزُوْرَائِیْل بِحَقِّ الْکَاف اَجِبْ دَعْوَتِیْ وَسَخِّرْلِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ وَحُصُوْلِیْ وَمُرَادِیْ بِلَا مُکْثٍ وَمُهْلَتٍ اَلْفَ قُلُوْبُنَا بَیْنَ قُلُوْبِ الْعَافِیَه ۔

چہل کاف اوپر گذر چکا ہے اور اس طریق زکوٰۃ کے بھی وہی سب فوائد ہیں جو اوپر گذر چکے ہیں ۔

دیگر دُعا برائے دفع آسیب

اگر کسی شخص کو سفر میں یا قیام یا خواب میں یا بیداری میں کوئی جن ، آسیب دیو ، وغیرہ ستاتا ہو تو یہ دُعا پڑھے ، انشاءاللہ کسی قسم کا ضرر و نقصان نہ ہو گا وہ دعا یہ ہے ۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَعُوْذُ بِکَ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ۔ چہار معوذ تین بار پڑھے ، پھر اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ

التَّاَمَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَءَ وَبَرَاءَ۔

دیگر عزیمت برائے دفع جادو و سحر آسیب و بیمار وغیرہ

اول زکوٰۃ اس طرح ادا کرے کہ عروج ماہ میں شروع کرے، اور اکتالیس روز پڑھے۔ گیارہ مرتبہ عزیمت مذکور کو پڑھے اور گیارہ عدد سیاہ مرچ پر ایک پاؤ تیل سرسوں میں ڈال کر رکھے۔ روز پڑھ کر دم کرتا رہے تیل کم ہونے پر اور ملاتا رہے۔ اور یہی تیل آسیب زدہ کو مالش کیلئے دیتے رہیں۔ انشاء اللہ ہر قسم کا آزار جسمانی دور ہوگا۔

وہ عزیمت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا، يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ز سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ط ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ج وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ، كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ط وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ؀

ایک بار قل ہو اللہ، ایک بار قل اعوذ برب الفلق، ایک بار قل اعوذ برب الناس ایک بار نادِ علی تین بار با تسمیہ۔

اور یہ رُباعی تین بار پڑھے

شاہِ مرداں شیرِ یزداں قوتِ پروردگار　لافتیٰ اِلّا علی لاسیفَ اِلّا ذوالفقار
شاہِ مرداں شیرِ یزداں صاحبِ دلدل سوار　لافتیٰ اِلّا علی لاسیفَ اِلّا ذوالفقار

سورۂ مزمل شریف برائے دفع آسیب

سرسوں کے تیل پر سورۂ مزمل پڑھکر دیوے مالش کرے اور سابقہ ترکیب سے لگائے۔

دیگر برائے آسیب

سرسوں کے تیل پر سات مرتبہ ایک آیت پڑھکر مالش کرائے کیسا ہی آسیب سخت ہو انشاء اللہ فوراً دور ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔ اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ۔

دیگر برائے دفع آسیب

عَلِیْقاً مَلِیْقاً طَلِیْقاً اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ طَلِیْقاً۔

سرسوں کے تیل پر سات مرتبہ پڑھ کر آسیب زدہ کو مالش کرائے انشاء اللہ فوراً آرام ہوگا۔

دیگر برائے آسیب

